**31.03.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ نیتیکا تیاگی

**Music**

--------------------------------

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے مہاویر جینتی کے موقع پر گجرات میں Koba کے مقام پر سَمراٹ Samprati میوزیم کا افتتاح کیا۔ انہوں نے کہا کہ اِس میوزیم کا پیغام، دنیا کو درپیش تشدد اور غیریقینی صورتحال کے دوران اہمیت کا حامل ہے۔

☆ وزیرِ اعظم نے گجرات کے شہر Sanand میں Kaynes سیمی کنڈکٹر OSAT پلانٹ کا بھی افتتاح کیا۔

☆ بہار کے نالندہ ضلع میں Sheetlaashtami مندر میں بھگدڑ کے حادثے میں 8 افراد ہلاک ہوگئے۔

☆ کلکتہ ہائی کورٹ نے مغربی بنگال چناؤ سے پہلے، انتخابی کمیشن کی طرف سے کچھ افسر شاہوں کی منتقلی کو چیلنج کرنے والی درخواست مسترد کردی ہے۔

☆ دوبئی سے کچھ دور ساحل پر کویت کے ایک بڑے تیل ٹینکر پر، ایران کی طرف سے ڈرون حملہ کیا گیا ہے۔

☆ اور IPL کرکٹ میں، آج شام نیو چنڈی گڑھ میں پنجاب کِنگس کا مقابلہ گجرات ٹائٹن سے ہوگا۔

-----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**Rev PM Guj Meseum**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے آج مہاویر جینتی کے موقع پر گاندھی نگر میں Koba کے مقام پر سَمراٹ Samprati میوزیم کا افتتاح کیا۔ یہ میوزیم جین تاریخ اور سَمراٹ Samprati کی زندگی اور اُن کے عدم تشدد کے اصول اور پیغام کے تئیں وقف ہے۔

اِس موقع پر وزیرِ اعظم نے ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ Koba تیرتھ میں، اقدار محفوظ ہیں، ثقافتی اقدار مستحکم ہیں اور علم کی پرورش کی جاتی ہے۔ انہوں نے اِسے روحانی مشق اور ضبطِ نفس کا امتزاج قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ اِس سے بھارتی تہذیب کی مضبوط بنیاد کی تشکیل ہوتی ہے۔ وزیرِ اعظم نے خاص طور پر کہا کہ یہ ہر ایک کا اجتماعی فرض ہے کہ وہ اِس بات کو یقینی بنائے کہ یہ مقدس امتزاج جاری و ساری رہے۔

**SB - 1400 - PM Modi on Jain Museum**

وزیرِ اعظم نے کہا کہ جو غلطیاں اِن مخطوطات کو نظر انداز کرکے پچھلی حکومتوں نے کی تھیں، اب اُن کی حکومت اِن کی تصحیح کررہی ہے۔ دنیا میں موجودہ صورتحال کا ذکر کرتے ہوئے، جناب مودی نے کہا کہ اِس میوزیم کا پیغام پورے بنی نوع انسان کیلئے اہم ہے۔

انہوں نے کہا کہ اِس میوزیم کا پیغام دنیا کیلئے اہمیت کا حامل ہے کیونکہ اُسے تشدد اور غیریقینی صورتحال کا سامنا ہے۔

**SB - PM Modi on Situation**

آج دیر گئے وزیرِ اعظم **Sanand** میں **Kaynes** سیمی کنڈکٹر **OSAT** پلانٹ کا بھی افتتاح کریں گے اور **19** ہزار **800** کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت والے ترقیاتی کاموں کا افتتاح اور سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ یہ تقریب نوتشکیل شدہ **Vav-Tharad** ضلعے میں منعقد ہوگی۔

شام کو وزیرِ اعظم آسام کیلئے روانہ ہو جائیں گے۔**x**

**Bihar Stampede**

بہار میں، آج صبح بہار شریف کے نالندہ ضلع میں مگھرا شیتلاشٹی مندر میں مذہبی رسوم کی ادائیگی کے دوران بڑے پیمانے پر بھگدڑ مچ گئی۔ اِس حادثے میں **8** خواتین ہلاک اور بہت سے لوگ زخمی ہوگئے۔ زخمیوں کو طبی علاج کیلئے مقامی اسپتال پہنچا دیا گیا ہے۔

چشم دید گواہوں کے مطابق یہ بھگدڑ ایک اچانک افواہ کی وجہ سے مچی کیونکہ لوگوں کا ہجوم دہشت میں آ گیا۔ بچاؤ کا کام جاری ہے۔ اندیشہ ہے کہ مرنے والوں کی تعداد بڑھ سکتی ہے۔

وزیرِ اعلیٰ نتیش کمار اور نائب وزیرِ اعلیٰ سَمراٹ چودھری نے حادثے کے متاثرین کے تئیں تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

جناب چودھری نے کہا کہ حکومت، متاثرین کو ہر ممکن مدد اور راحت فراہم کررہی ہے۔ وزیرِ اعلیٰ نے ہدایت دی ہے کہ مرنے والوں کے کنبوں کو چھ - چھ لاکھ روپے کی امداد فراہم کی جائے گی۔ انہوں نے زخمیوں کیلئے جلد صحت یابی کی دعاء کی۔**x**

**PM Ex Gratia**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے بہار کے نالندہ ضلع کے حادثہ میں ہوئے جانی نقصان پر رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیرِ اعظم نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا بھی کی ہے۔ جناب مودی نے جاں بحق ہونے والوں کے لواحقین کیلئے وزیرِ اعظم قومی امدادی فنڈ سے دو لاکھ روپے اور زخمیوں کو **50** ہزار روپے دینے کا بھی اعلان کیا۔x

**Kolkata HC**

کلکتہ ہائی کورٹ نے مفادِ عامہ کی ایک درخواست **PIL** کو مسترد کردیا ہے، جس میں کچھ **IAS** اور **IPS** افسران نیز مختلف انسپکٹرز انچارج، آفیسرز انچارج اور بلاک ڈیولپمنٹ افسران کی منتقلی کو چیلنج کیا گیا تھا۔

چیف جسٹس **Sujoy Paul** اور جسٹس پارتھا سارتھی سین پر مشتمل ایک ڈویژن بینچ نے اِن درخواستوں پر یہ حکم

جاری کیا ہے۔ یہ درخواست وکیل اَرکا ناگ نے داخل کی تھی، جنھوں نے انتخابی کمیشن کے منتقلی سے متعلق فیصلوں کا مقدمہ بھی لڑا تھا۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ریاستی سرکار اِس فیصلے کے سلسلے میں سپریم کورٹ سے رجوع کرسکتی ہے۔

عدالت نے کہا ہے کہ یہ منتقلیاں سرکار کی خدمات میں معمول کا طریقِ کار ہے اور اگر کسی افسر کو کوئی پریشانی ہے تو وہ اِس سلسلے میں انفرادی سطح پر قانونی طریقِ کار اپنا سکتا ہے۔x

**BJP West Bengal List**

BJP کی مرکزی انتخابی کمیٹی نے مغربی بنگال اسمبلی انتخابات کیلئے آج 13 امیدواروں پر مشتمل اپنی چوتھی فہرست جاری کردی۔ فہرست کے مطابق Shayamal Hati، ہاوڑہ دَکشِن حلقے سے، پردیپ Lodha، Garbeta سے، اربجیت رائے، Barbani سے اور گرجا شنکر رائے، Natabari انتخابی حلقے سے چناوَ لڑیں گے۔ پارٹی نے اپنی دوسری فہرست میں نظرثانی کرتے ہوئے Maynaguri حلقے سے Dalim رائے کو ٹکٹ دیا ہے۔ x

**Assam - Constituency Profile**

آسام میں تمام 126 قانون ساز اسمبلی حلقوں کیلئے ووٹنگ ایک ہی مرحلے میں، 9 اپریل کو ہوگی۔ ہمارے نامہ نگار نے سال 2023 کی حدبندی کے بعد وجود میں آئے Bhawanipur - Sorbhog اسمبلی حلقے کا جائزہ لیا۔

پیش ہے ایک رپورٹ .......................

**VC - Aminul Haque Jwadder**

*Bhawanipur - Sorbhog اسمبلی حلقہ، 2023 کی حدبندی کے دوران بھوانی پور اور Sorbhog سیٹوں کے کچھ حصوں کے انضمام کے بعد وجود میں آیا ہے اور یہ بارپیٹا اور بجالی اضلاع پر مشتمل ہے۔ اِس اسمبلی حلقے میں 2 لاکھ 14 ہزار رائے دہندگان ہیں۔ اِس حلقے میں 270 پولنگ مراکز ہیں، جس میں سے 30 کی قیادت خواتین کررہی ہیں۔ اِس چناوَ میں اِس حلقے سے 5 امیدوار میدان میں ہیں۔ CPI(M) نے Sorbhog کے سابق MLA منورنجن تعلق دار کو اِس حلقے سے نامزد کیا ہے، تو BJP نے پنچایت اور دیہی ترقی کے وزیر رنجیت کمار داس کو ٹکٹ دیا ہے۔ رنجیت کمار داس بجالی اسمبلی حلقے کی نمائندگی کرچکے ہیں۔ فرہاد علی AIUDF کے امیدوار ہیں، جبکہ شکور علی اور FA احمد آزاد امیدوار ہیں۔*

*2021 کے اسمبلی انتخابات میں CPI(M) کے منورنجن تعلق دار نے Sorbhog سے، جبکہ Bhawanipur سے BJP کے امیدوار نے جیت حاصل کی تھی۔*

*امین الحق جوادر کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں .......................*

**Panchayat Grants**

حکومت نے مالی سال 2025-26 کے دوران، تلنگانہ، راجستھان، مہاراشٹر، اتراکھنڈ اور میزورم کے پنچایتی راج

اداروں اور بلدیاتی اداروں کیلئے 15 ویں مالیاتی کمیشن کے تحت، مشروط و غیر مشروط گرانٹس کو منظوری دے کر اِسے جاری کردیا ہے۔ اِن گرانٹس سے نچلی سطح کی حکمرانی کو مضبوط بنانے میں مدد ملے گی اور پنچایتی راج اداروں کو مقامی ضروریات کے مطابق، ترقیاتی کام انجام دینے کے قابل بنایا جائے گا۔x

**Dubai Cost Hit-Oil Tank**

دبئی کے ساحل کے قریب ایک بڑے آئل ٹینکر کو ایرانی ڈرون حملے کا نشانہ بنایا گیا ہے، جس کے باعث وسیع تر تنازع اور عالمی توانائی کی ترسیل میں خلل کے خدشات پیدا ہوگئے ہیں۔ کویت کے جھنڈے تلے چلنے والا یہ ٹینکر ''السلمی'' تقریباً بیس لاکھ بیرل خام تیل لے جارہا تھا، جو حملے کے بعد آگ کی لپیٹ میں آ گیا۔

دبئی کے حکام کے مطابق آگ پر قابو پالیا گیا ہے اور جہاز کے تمام 24 عملے کے ارکان محفوظ ہیں۔ تاہم جہاز کی مالک کمپنی کویت پیٹرولیم کارپوریشن نے خبردار کیا ہے کہ اس نقصان کے نتیجے میں تیل کے رساؤ کا خطرہ اب بھی موجود ہے۔ یہ واقع ایسے وقت میں پیش آیا ہے، جب سال کے اوائل میں امریکہ اور اسرائیل کی جانب سے ایران پر حملوں کے بعد کشیدگی میں اضافہ ہوا ہے۔

اِس سے قبل، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سخت انتباہ دیتے ہوئے کہا تھا کہ اگر تہران، آبنائے ہرمز بند کرنے کی کوشش جاری رکھتا ہے، تو واشنگٹن ایران کے توانائی کے مراکز اور تیل کے کنوؤں کو تباہ کر دے گا۔x

**IPL**

IPL کرکٹ میں آج، نیو چنڈی گڑھ میں Mullanpur میں مہاراجا یادویندر سنگھ بین الاقوامی کرکٹ اسٹیڈیم میں پنجاب کنگس کا مقابلہ گجرات ٹائٹنس سے ہوگا۔ یہ مقابلہ شام ساڑھے 7 بجے سے شروع ہوگا۔ کل، گوہاٹی میں برساپاڑا کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے گئے مقابلے میں، راجستھان رائلس نے چنئی سپر کنگس کو 8 وکٹ سے شکست دی۔x

**Misri Russian FM**

خارجہ سکریٹری وکرم مِسری نے کل نئی دلّی میں روس کے نائب وزیرِ خارجہ Andrey Rudenko کے ساتھ خارجی امور پر صلاح مشورہ کیا۔ وزارتِ خارجہ نے بتایا کہ طرفین نے دو طرفہ تعلقات کے پورے منظرنامے کا جائزہ لیا اور باہمی مفاد کے علاقائی اور عالمی معاملات کے بارے میں ایک دوسرے کو اپنے نظریات سے واقف کرایا۔

وزارت نے بتایا کہ دونوں رہنماؤں نے پچھلے سال دسمبر میں نئی دلّی میں منعقدہ 23ویں سالانہ Summit میں کئے گئے فیصلوں پر عمل درآمد کی پیشرفت کا بھی جائزہ لیا۔

جناب Rudenko نے کل وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر سے بھی ملاقات کی تھی۔x

**IFFD 2026**

بین الاقوامی فلم فیسٹیول 2026 آج ''Laalo- کرشن سدا سہایتے'' کی داستان کی نمائش کے ساتھ اختتام پذیر ہو جائے گا۔

اختتامی تقریب میں ایک جلسے کا بھی انعقاد کیا جائے گا، جس کا عنوان ہے، ’’Delhi on Reel - Cinema and the Capital‘‘ جس میں معرف فلم ساز امتیاز علی اور راکیش اوم پرکاش مہرا، شہر کے سینما کے سفر پر اپنے اپنے نظریات پیش کریں گے۔ ایک اور جلسہ جس کا عنوان ’’From Indie Roots to the Oscars‘‘ ہے، بھی منعقد کیا جارہا ہے، جس کی میزبانی Guneet Monga کررہی ہیں۔

فیسٹیول کے اختتام کی سرگرمیوں کے دوران قومی راجدھانی میں کئی PVR سینما میں کچھ مختصر فلموں کی بھی نمائش کی جائے گی۔x

## RBI Defers Norms

بھارتیہ ریزرو بینک نے اثاثہ مارکیٹ میں سرمایہ کاری سے متعلق اپنے نئے اصولوں پر عمل درآمد تین ماہ کیلئے ملتوی کردیا ہے۔ اب نئی آخری مدت یکم اپریل کی جگہ یکم جولائی 2026 ہے۔

اِن ترمیم شدہ رہنما خطوط کا مقصد بینکوں کیلئے بھارتی کمپنیوں میں سرمایہ کاری کو آسان بنانا، حصص اور اِسی طرح کے دیگر دستاویزات کے عوض، قرض دینے کی شرائط کو بلارکاوٹ بنانا اور باہم ربط رکھنے والی کمپنیوں کیلئے قرض حاصل کرنے کے مزید اصولوں پر مبنی طریقِ کار فراہم کرنا ہے۔

RBI نے سرمایہ لگانے سے متعلق ضابطوں کی وضاحت بھی کی ہے۔ اب اِس سرمایہ کاری کی تعریف میں انضمام اور اختلاط بھی شامل ہے۔x

## IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات نے آج اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، سکم، کیرالم، ماہے اور مغربی بنگال کے ذیلی ہمالیائی خطے میں بھاری بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمۂ موسمیات نے دلّی، ہریانہ، چھتیس گڑھ، مہاراشٹر اور اُڈیشہ میں آج گرج چمک کے ساتھ ژالہ باری کے امکان کی بھی پیش گوئی کی ہے۔ IMD کے مطابق، جموں و کشمیر، آندھرا پردیش اور جھارکھنڈ میں بھی آج اِسی طرح کی صورتحال برقرار رہے گی۔ مغربی راجستھان، پنجاب، تلنگانہ اور اترپردیش میں بھی اگلے 2 دن تک گرج چمک کی پیش گوئی کی گئی ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆